KANZ-UL-MADARIS
BOARD

# البحوث العلمية

## 1448هـ/ 2027م

للطلاب الباحثين

لنيل شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية

(ماجستير)

تحت إشراف

إدارة كنز المدارس

1448ھ / 2027م

# نتیجہ ازممتحن برائے عالمیہ

عنوان مقالہ ______________________ عنوان نمبر ______________________

نام اُمیدوار ______________________ عالمیہ سال دوم کارول نمبر ______________________

نام ادارہ ______________________ ڈویژن ______________________

## نمبرات کی تقسیم کاری اور مختصر ملاحظات

| نمبر شمار | مقالہ کے حصے | مقررہ نمبر | حاصل کردہ نمبر | نمبر کم ہونے کی وجہ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | فہرست عنوانات + ٹائٹل پیج | 10 | | |
| 2 | مقدمہ میں درج ذیل امور کا احاطہ ضروری ہے۔ تعارفِ موضوع، اہمیتِ موضوع، مقاصدِ تحقیق، اسباب انتخابِ موضوع، فرضیہ تحقیق، سابقہ تحقیقات کا جائزہ اور منہج تحقیق | 20 | | |
| 3 | صُلبِ موضوع (سوالات و اہداف کے مطابق موضوع پر تحقیق) | 120 | | |
| 4 | حواشی و حوالہ جات | 10 | | |
| 5 | موضوع کی بحث پر مبنی نتائج / خلاصہ بحث | 10 | | |
| 6 | موضوع پر مزید کام کرنے کی تجاویز | 10 | | |
| 7 | مقالہ میں وارد آیات و احادیث کی فہرست (آخر میں لگائیں) | 10 | | |
| 8 | فہرست مصادر و مراجع | 10 | | |
| | میزان | 200 | | |

مقالہ کے بارے میں ممتحن کے عمومی تاثرات : ______________________

______________________

______________________

نام ممتحن ______________________

دستخط ممتحن ______________________

تاریخ ______________________

نوٹ : مندرجہ بالا پر فارما کاپی کر کے اُمیدوار اپنے مقالے کے آغاز میں لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو اُمیدوار خود احتیاط سے درج کرے

# فهرس الموضوعات للبحوث العلمية

## لنيل درجة الشهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية

## التفسير وما يتعلّق به

| # | العنوان | نموذج الهدف |
| --- | --- | --- |
| .1 | تفسیر روحُ البیان کا منہج واسلوب: ایک تحقیقی مطالعہ | تفسیر روحُ البیان اور مصنف کا تعارف، اِس تفسیر کی خصوصیات، امتیازات اور اِس کے منہج واسلوب کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .2 | تفسیر روحُ المعانی کا منہج واسلوب: ایک تحقیقی مطالعہ | تفسیر روحُ المعانی اور مصنف کا تعارف، اِس تفسیر کی خصوصیات، امتیازات اور اِس کے منہج واسلوب کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .3 | تفسیر حسنات کا منہج واسلوب: ایک تحقیقی مطالعہ | تفسیر حسنات کا اور مصنف کا تعارف، اِس تفسیر کی خصوصیات، امتیازات اور اِس کے منہج واسلوب کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .4 | تفسیر جوہر الایقان (المعروف بہ تفسیر رضوی) کا منہج و اسلوب: ایک تحقیقی مطالعہ | تفسیر جوہر الایقان اور مصنف کا تعارف، تفسیر جوہر الایقان میں احادیث و آثار صحابہ کا استعمال، سیرت وکلام کی ابحاث کا ذکر، دیگر تفاسیر سے امتیازات اور منہج واسلوب کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .5 | سورۃ البقرۃ اور سورۃ آل عمران کی کلامی مباحث (تفسیر جوہر الایقان کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | تفسیر جوہر الایقان اور مصنف کا تعارف، اِس تفسیر کا منہج واسلوب، دیگر تفاسیر میں امتیازی مقام اور تفسیر جوہر الایقان کی روشنی میں سورۃ البقرۃ اور آل عمران میں موجود کلامی مباحث کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .6 | سورۃ البقرۃ کی کلامی مباحث (تفسیر نجوم الفرقان کی روشنی میں اختصاصی مطالعہ) | تفسیر نجوم الفرقان اور مصنف کا تعارف، سورۃ البقرۃ میں کلام پر مشتمل آیات، تفسیر نجوم الفرقان کی سورۃ البقرۃ میں موجود کلامی ابحاث کا اختصاصی مطالعہ۔ |
| .7 | سورۃ البقرۃ کی فقہی مباحث (صراط الجنان اور مظہری کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | تفسیر صراط الجنان اور تفسیر مظہری اور مصنفین کا تعارف، دیگر اردو تفاسیر کے مقابلے میں امتیازی منہج و اسلوب اور دونوں تفسیروں میں سورۃ البقرۃ میں موجود فقہی ابحاث کا تحقیقی مطالعہ واسلوب۔ |
| .8 | سورۃ النساء کی فقہی مباحث (تفسیر نجوم الفرقان کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | تفسیر نجوم الفرقان اور مصنف کا تعارف، سورۃ النساء میں احکام پر مشتمل آیات، تفسیر نجوم الفرقان کی سورۃ البقرۃ میں موجود فقہی ابحاث کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .9 | سورۃ المائدہ کی فقہی مباحث (تفسیر مظہری کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | تفسیر مظہری اور مصنف کا تعارف، سورۃ المائدہ میں احکام پر مشتمل آیات، تفسیر مظہری کی فقہی مباحث میں موجود فقہی ابحاث کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .10 | سورۃ المائدہ کی فقہی مباحث (تفسیر صراط الجنان کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ) | تفسیر صراط الجنان اور مصنف کا تعارف، سورۃ المائدہ میں احکام پر مشتمل آیات، تفسیر صراط الجنان کی سورۃ المائدہ میں موجود فقہی ابحاث کا تحقیق مطالعہ۔ |
| .11 | قرآن کریم میں مذکور اسمائے باری تعالیٰ کی تشریحات ایک تحقیقی مطالعہ | قرآن کریم میں اسمائے باری تعالیٰ اور سیاق و سباق، معانی و مفاہیم اور تشریحات، صفات اور افعال کی وابستگی تفسیری انداز میں کیا ہے، تکرار کا مفہوم و مقصد کیا ہے، انسان پر اثرات وروحانی خواص اور فضائل۔ |
| .12 | قرآن کریم میں مذکور اسمائے نبوی کی تشریحات ایک تحقیقی مطالعہ | قرآن کریم میں اسمائے نبوی اور سیاق و سباق، معانی و مفاہیم اور تشریحات، صفات اور افعال کی وابستگی تفسیری انداز میں کیا ہے، تکرار کا مفہوم و مقصد کیا ہے، انسان پر اثرات وروحانی خواص اور فضائل۔ |
| .13 | سورۃ الاعراف اور سورۃ الانفال کی صوفیانہ تفسیر (تفسیر نعیمی کی روشنی میں اختصاصی مطالعہ) | تفسیر نعیمی اور مصنف کا تعارف، اِس تفسیر کا منہج و اسلوب، سورۃ الاعراف اور سورۃ الانفال کا تعارف ومضامین، تفسیر نعیمی کی روشنی میں ان سورتوں میں موجود تفسیر کے صوفیانہ رموز واشارات۔ |
| .14 | اقوالِ صحابہ کی روشنی میں سورۃ البقرۃ کے تفسیری نکات کا مطالعہ (تفسیر صراط الجنان اور تفسیر حسنات کے تناظر میں) | تفسیر صراط الجنان، تفسیر حسنات اور مصنفین کا تعارف، دیگر اردو تفاسیر کے مقابلے میں امتیازی منہج و اسلوب اور دونوں تفسیروں میں اقوال صحابہ کی روشنی میں سورۃ البقرۃ کے تفسیری نکات کا مطالعہ۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .15 | امام جلال الدین سیوطی رحمۃُ اللہِ علیہ کی تفسیری خدمات کا مطالعہ | امام جلال الدین سیوطی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، کتبِ علوم قرآن اور تفسیر کا تعارف، منہج واسلوب، خصوصیات وامتیازات، خلاصہ ونتائج۔ |
| .16 | اسرائیلی روایات کا اسلامی تفاسیر میں مقام واثر | اسرائیلیات کی تعریف اور اقسام، اسرائیلیات کا ماخذ، ان کے قبول ورد کا معیار، تفسیر طبری، تفسیر بغوی اور تفسیر دُرِ منثور میں اسرائیلی روایات کا تعارف، خلاصہ ونتائج۔ |
| .17 | قرآنی تفسیر میں تاریخی روایات کا مقام واثر | تاریخی روایات کی تعریف، مراد اور اقسام، کیا ہر تاریخی واقعہ تفسیر کے لیے مفید ہے؟، تفاسیر میں تاریخی روایات کا استعمال اور مفسرین کی آراء، تاریخی روایات اور قرآن فہمی پر ان کا اثر، جدید تفسیر نگاری میں تاریخی روایات کا مقام۔ |
| .18 | فقہی تفاسیر اور ان کے اصول ومناہج | فقہی تفسیر کی تعریف، مراد اور خصوصیات، آیاتِ احکام کی تعداد واہمیت، فقہی تفاسیر کے بنیادی اصول، مشہور فقہی تفاسیر کا تعارف، فقہی تفاسیر میں اختلافِ رائے، عصر حاضر میں فقہی تفاسیر کی افادیت، خلاصہ ونتائج۔ |
| .19 | احکام القرآن للجصاص واحکام القرآن للطحاوی تقابلی مطالعہ | مصنفین کا تعارف، دونوں تفاسیر کا پس منظر، اسلوب اور منہج، فقہی اصولوں کا استعمال، احادیث وآثار کا مقام، دلائل کا انداز (تفصیل یا اختصار)، دونوں تفاسیر کی علمی وفقہی اہمیت۔ |
| .20 | عقلی ونقلی تفسیر کا تقابلی مطالعہ | تفسیر بالعقل وبالنقل سے مراد، دونوں کا تاریخی پس منظر اور فوائد وحدود، اصول ومناہج میں فرق، مصادر ومراجع کا موازنہ، اسلوب وطرزِ استدلال، (دو،دو) مشہور عقلی ونقلی تفاسیر کا تعارف، عصر حاضر میں دونوں کی اہمیت وافادیت۔ |
| .21 | لغوی تفاسیر: مناہج اور اسالیب کا تجزیاتی مطالعہ | لغوی تفسیر کی تعریف، لغوی اور عمومی تفسیر میں فرق، لغوی تفسیر کی ضرورت واہمیت، کوئی سے تین لغوی مفسرین اور ان کی لغوی تفاسیر کے اصول، مناہج اور اسالیب کا تجزیاتی مطالعہ۔ |
| .22 | تفسیر بالماثور: ایک تعارفی وتجزیاتی مطالعہ | تفسیر بالمأثور سے مراد، اہمیت وضرورت، حدود واصول، تفسیر بالمأثور اور بالرائے کا فرق، کوئی سے تین مشہور مفسرین وتفاسیر بالمأثور کا تعارفی وتجزیاتی مطالعہ۔ |
| .23 | عہد تابعین میں تفسیر کی تدوین | عہدِ تابعین میں تفسیر کی تدوین، ضرورتِ تفسیر، تفسیر کی اقسام، تفسیر کے لئے کن ذرائع کا استعمال کیا، تابعین کی تفسیری خدمات، نمایاں خصوصیات، اندازِ تدوین، مابعد پر اثر، اہمیت وافادیت۔ |
| .24 | اعجازِ قرآن اور انسانی چیلنجز کا مطالعہ | اعجازِ قرآن سے مراد، اقسام اور چیلنجز کی نوعیت، "فأتوا بسورة من مثله" آیت کا مفہوم واہمیت، ادبی ولسانی اعجاز کی مثالیں، سائنسی اعجاز، ماضی میں اعجازِ قرآن کے مقابلے میں پیش آنے والے چیلنجز اور ان کے جواب میں کی گئی علمی کاوشوں کا جائزہ۔ |
| .25 | سورۃ یوسف کے قصے کا ادبی واخلاقی مطالعہ | سورۃ یوسف کا تعارف و سببِ "احسن القصص"، ادبی حسن، کردار نگاری کی خوبی، مکالماتی انداز، صبر و تقویٰ کا پیغام، حسد و جھوٹ کی مذمت، درگزر و معافی کا سبق، نوجوانوں کے لیے رہنمائی، عصری مسائل سے ربط، اخلاقی تعلیمات، ادبی انفرادیت۔ |
| .26 | سورۃ الکہف کے قصص اور ان کی دینی واصلاحی حکمتیں | سورۃ الکہف میں مذکور قصص کے مقاصد: اصحاب کہف کا سبق، دو باغوں والوں کا انجام، حضرت موسیٰ وخضر علیہما السلام کا پیغام، حضرت ذوالقرنین رضی اللہُ عنہ کا عدل، یاجوج ماجوج کا فتنہ، بیان کردہ فتنوں کی نوعیت، بچاؤ کا طریقہ، قصوں میں ربط اور دینی واصلاحی حکمتیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .27 | سورۃ النور میں معاشرتی واخلاقی احکام کا تجزیاتی مطالعہ | مضامینِ سورۃ النور، زنا کی سزا کی حکمت، حد قذف کا مقصد، لعان کی حکمت، عفت کی تعلیمات، پردے کے فوائد، گھریلو آداب، نور وظلمت کی تمثیل، واقعہ افک کا سبق، ان معاشرتی واخلاقی تعلیمات کا دورِ جدید سے ربط، کیا صرف سزا یا اصلاح بھی، پیغام برائے مرد وعورت۔ |
| .28 | سورۃ الحجرات میں معاشرتی ضوابط کا تفسیری مطالعہ | سورۃ الحجرات میں بیان کردہ معاشرتی اصول و ہدایات، عصرِ حاضر میں اہمیت وافادیت اور معاشرتی تبدیلی کا پہلو، تمسخر، غیبت اور بدگمانی کی ممانعت ونقائص، سوشل میڈیا کے اثرات، دیگر مذاہب سے موازنہ۔ |
| .29 | سورۃ الحج میں قربانی کے قرآنی تصورات کا مطالعہ | سورۃ الصف کے مضامین کا تعارف اور اس میں قربانی کا مفہوم و تشریح، عصر حاضر میں اہمیت اور عملی شکل، قربانی کا ایمان سے تعلق، قربانی کا سماجی واخلاقی پہلو، جہاد اور قربانی کا ربط، دیگر مذاہب سے موازنہ، پیغام کا دائمی اطلاق۔ |
| .30 | امام طبری کی تفسیر میں اقوالِ سلف کا تحقیقی مطالعہ | تفسیر و مصنف کا تعارف، منہجِ تفسیر، اقوالِ سلف کا اندازِ نقل واہمیت اور معیار ترجیح، اندازِ روایت، ضعیف روایات، مرجوع اقوال کا ترک کرنا، مابعد کے مفسرین پر اثر اور عصر حاضر میں اس کی افادیت۔ |
| .31 | قرآن مجید میں انسانی حقوق کا تحقیقی مطالعہ | قرآن مجید میں انسانی حقوق کا تصور، انسان کی حرمت و فضلیت، مرد و عورت کے حقوق، غلامی کا تصور اور حقِ ملکیت، معاشی انصاف، اظہارِ رائے اور دینی آزادی، خاندانی حقوق، اقلیتوں کے حقوق اور عصر حاضر میں رہنمائی۔ |
| .32 | قرآن پاک کے معاشی نظام کا تحقیقی مطالعہ | قرآنی معاشی اصول، رزق و دولت کا تصور، معاشی انصاف، دولت کی تقسیم، سود کی ممانعت، تجارت و محنت، زکوٰۃ و انفاق، غربت کا حل، دولت کا ارتکاز، ناجائز آمدن، وراثت کا نظام، معاشی خود کفالت، نظامِ معیشت کی تشکیل، اسلامی بینکاری کی بنیاد، معاشی اصولوں کی آفاقیت، اخلاق ومعیشت کا تعلق۔ |
| .33 | قرآن مجید کے قصص میں بلاغت وحکمت | قصصِ قرآن میں بلاغت کے عناصر، قصص کی حکمت، زبان و اسلوب، بلاغت و حکمت کی مثالیں، انسانی نفسیات وفطرت بذریعہ قصص، قصص کا ایمان واخلاق سے ربط اور عصر حاضر پر قصص کے اثرات وافادیت۔ |
| .34 | الفوزالکبیر فی اصول التفسیر کا تحقیقی مطالعہ | مصنف وکتاب کا تعارف و پس منظر، منہج و اسلوب، امتیازی خصوصیات، الفوز الکبیر کا موازنہ کتبِ اصولِ تفسیر سے، کتاب کا اثر و قبولیت اور عصر حاضر میں اس کی افادیت۔ |
| .35 | قرآن پاک اور تکرارِ آیات وواقعات کی حکمتیں: تحقیقی مطالعہ | قرآن پاک میں تکرارِ آیات وواقعات: تعریف و مفہوم، حجم (تکرار کی مقدار و کثرت)، تکرار کی حکمتیں اور نفسیاتی و اصلاحی اثرات، دعوت و تبلیغ میں کردار، مفسرین کی آراء وتشریحات، ترجمے پر اثرات وچیلنجز، اعجاز قرآن سے تعلق۔ |
| .36 | قرآن پاک میں آیات متشابہات ایک تحقیقی مطالعہ | قرآن پاک میں آیات متشابہات: تعریف ومفہوم، اقسام، حکمتیں (مقاصد و فوائد)، عقائد اور شریعت پر اثرات، مفسرین کی آراء وتشریحات، جدید علمی وفکری زاویے، نتائج وتجاویز۔ |
| .37 | قرآنی دعاؤں کا موضوعاتی مطالعہ | قرآنی دعاؤں کی تعریف و اقسام، حکمتیں (مقاصد و فوائد)، دعاؤں کے موضوعات، قرآنی دعاؤں کا عملی و روحانی اثر، آدابِ دعا، فضیلتِ دعا، دعا اور صبر کا باہم تعلق، دعا اور کوشش کا آپس میں تعلق، مفسرین کی آراء وتشریحات۔ |
| .38 | قرآن مجید میں عدل وانصاف کا تصور: ایک اخلاقی و سماجی تجزیہ | قرآن مجید میں عدل و انصاف کا تصور: مفہوم و اقسام، مقاصد، ضرورت و اہمیت، عدل اور قانون سازی، فرد اور ریاست کی ذمہ داری، اخلاقی پہلو، سماجی اثرات۔ |
| .39 | صبر واستقامت کا قرآنی تصور اور اس کے عملی مظاہر | صبر واستقامت کا لغوی و اصطلاحی معنیٰ، مفہوم، اہمیت وضرورت، اجر وثواب، ایمان سے تعلق، استقامت کا محور، حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کا صبر واستقامت، فرد ومعاشرہ پر اثر۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .40 | قرآن میں بدنی عبادات کا تصور<br>ایک تحقیقی مطالعہ | عبادت اور بدنی عبادات سے مراد و اہمیت، فرض بدنی عبادات، ان کا مقصد و حکمت اور روحانی، اخلاقی، سماجی اثرات، عبادات اور رسم و عادت میں فرق، شخصیت سازی میں کردار، اخلاص سے تعلق، دیگر عبادات سے تعلق و فرق، اس پہ استقامت کیسے ممکن؟ اور عصر حاضر میں اسکی ضرورت و اہمیت۔ |
| .41 | قرآن مجید میں انبیائے کرام علیہمُ السّلام کے اوصاف و کردار: دعوتی حکمتیں، اخلاقی رویّے اور اصلاحی پہلو | حضراتِ انبیائے کرام علیہمُ السّلام کی **دعوتی حکمتیں** (اسلوبِ دعوت، ردِ دعوت پر رویہ، عقلی و نقلی دلائل) **اخلاقی رویّے** (بنیادی اخلاق، صبر و حلم، تواضع و شفقت، اندازِ گفتگو) **اصلاحی پہلو** (اصلاح کا دائرہ، مخالفتِ شرک و بدعت ، تعلیمِ عدل و مساوات ،صبر و استقامت، اصلاحِ عبادات) اور عصر حاضر میں انکی ضرورت و اہمیت۔ |
| .42 | تصورِ علم الغیب اور انبیاء کرام علیہمُ السّلام<br>(صراط الجنان کی روشنی میں ایک تحقیقی مطالعہ) | مصنف و تفسیر کا تعارف، دیگر تفاسیر سے امتیازات و خصوصیات، تعریفِ علمِ غیب، اقسامِ غیب، قرآنی تصور، اللہ رب العزت کا اختصاص، حضرات انبیائے کرام علیہمُ السّلام کا علمِ غیب، آخری نبی محمد عربی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کا غیبی علم، ذاتی و عطائی فرق، حدودِ غیب، وحی و غیب کا تعلق، معجزہ و خبرِ غیب، انکارِ غیب کا حکم۔ |
| .43 | قرآن مجید میں ذکر و فکر کا روحانی اثر | مفہومِ ذکر و فکر، اقسام، روحانی ترقی سے ربط، آیاتِ ذکر کی تشریح، اصلاحِ قلب، غفلت زدہ اقوام، قربِ الٰہی کیسے، تعلقِ فکر و ذکر، ذکر و غفلت، قلبی اثرات، قرانی مثالیں، اور عصرِ حاضر میں ضرورت و اہمیت۔ |
| .44 | قرآن مجید میں مذکور قوموں کے مساکن کا جغرافیائی تعین (قومِ عاد، قومِ ثمود اور قومِ لوط کے مساکن) | قرآن مجید میں جغرافیائی تذکرے کا مقصد، قومِ عاد، قومِ ثمود اور قومِ لوط کے مساکن کا جغرافیائی تعین، محل و قوع، طبعی خدو خال، جدید دریافتیں، عصری نقشہ جات، خاتمہ و نتائج۔ |

## الحديث وما يتعلّق به

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .45 | بشیر القاری شرح بخاری کی کلامی ابحاث کا اختصاصی مطالعہ | علامہ غلام جیلانی میرٹھی رحمۃُ اللہِ علیہ اور بشیر القاری کا تعارف، حدیث پاک اور کلامی مباحث، بشیر القاری میں موجود کلامی ابحاث کا اختصاصی مطالعہ۔ |
| .46 | الموضوعات لابن جوزی: تحقیقی و تنقیدی مطالعہ | کتاب و مصنف کا تعارف، منہج و اسلوب، اصول و قواعد، خصوصیات و نقائص، علماء کی آراء و اختلاف، احادیث کی مثالیں بطورِ تجزیہ، تنقید، عصر حاضر میں اثرات وغیرہ۔ |
| .47 | احادیثِ نبویہ کی روشنی میں عادل حکمران کی خصوصیات اور صفات: ایک تحقیقی مطالعہ | عدل کی تعریف و اقسام ،اہمیت و افادیت، عادل حکمران اور خصوصیات وصفات، بنیادی شرائط، ظلم کی وعید، مشاورت و مساوات کی اہمیت، تقویٰ کا کردار و اثر، انصاف، عدل کی مثالیں، عملی صفات، موجودہ رکاوٹیں، عوام کا کردار، اور عصر حاضر میں ضرورت۔ |
| .48 | احادیثِ نبویہ میں آل و اصحاب کے فضائل اور مقام کا مطالعہ | آل و اصحاب سے مراد و فضائل، آپس کی محبتیں، فرق مراتب، افضلیت و فضیلت میں فرق، سب و شتم کی ممانعت، رافضیت، خارجیت و ناصبیت کی پہچان اور ان سے بچاؤ۔ |
| .49 | احادیثِ نبویہ میں امہات المؤمنین کے مناقب و اخلاقی اسباق | امہات المؤمنین کا تعارف، حرمتِ نکاح، خیر کم لأہلہ، تربیتی گھرانہ، نرم گفتار، سادگی و قناعت، ازدواجی اخلاق، نبوی وفاداری، مالی نصرت، صبر و وقار، علمی خدمت، امہات المؤمنین اور خواتین کی تعلیم اور اخلاقی سبق۔ |
| .50 | نفاقِ اعتقادی و عملی کی پہچان<br>احادیثِ نبویہ کی روشنی میں علامات، اسباب اور بچاؤ | نفاقِ اعتقادی و عملی کی تعریف و مفہوم، اقسام، اعتقادی و عملی شناخت و علامات، نفاق کی نشانیاں، چھپے اثرات، نفاق کے اسباب، نقصانات، بچاؤ کے طریقے، نصیحت و اصلاح، نوجوانوں میں بچاؤ، گھر و دوستوں میں تدابیر، معاشرتی اصلاح، روحانی نقصان اور مجموعی تحقیقی نتیجہ۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .51 | احادیثِ نبویہ کی روشنی میں ایمان واسلام کے بنیادی اصول اور اسباق | احادیثِ نبویہ میں ایمان واسلام کی تعریف، فرق، بنیادی ارکان واصول، اعتقادی واخلاقی پہلوؤں پہ اثرات، ایمان و اسلام کی مضبوطی وکمزوری کی وجوہات واسباب، اعمال وعقائد کی ہم آہنگی۔ |
| .52 | احادیثِ نبویہ کی روشنی میں قبر وحشر اور جنت و دوزخ کے احوال: ایک تحقیقی مطالعہ | احادیثِ نبویہ میں قبر کی حقیقت و حالات، عذاب و سکون، حشر کے مراحل، معیارِ جزا و سزا، حصولِ جنت کا معیار، درجات و نعمتیں، حق دارِ دوزخ، عذاب و شدت، قبر و حشر تیاری کے عملی طریقے، اعمال وعقائد کی ہم آہنگی۔ |
| .53 | احادیثِ نبویہ میں ملائکہ اور جنات کے احوال تحقیقی مطالعہ | احادیثِ نبویہ میں ملائکہ کی اقسام، ذمہ داریاں، حفاظت اور مراقبت کا بیان، نوعیتِ جنات، مومن وکافر جنات میں فرق، اثرات وبچاؤ کے عملی طریقے، ملائکہ اور جنات سے متعلقہ عقائد کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .54 | غزوۂ بدر اور احادیثِ صحاح ستہ تحقیقی مطالعہ | احادیث صحاح ستہ میں غزوہ بدر کی تاریخی اہمیت، اسباب وپسِ منظر، صحابہ کرام کا کردار و قربانیاں، نبی کریم صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی قیادت وتدبیر، دشمن کے مقابلے میں ایمان وحوصلے کے اسباق، غنائم کی تقسیم، نماز ودعا کے احوال، فضائلِ اصحاب بدر، اور اسلامی معاشرت واخلاق پر اثرات تحقیقی مطالعہ۔ |
| .55 | عصرِ حاضر میں علم حدیث کی اہمیت اور اشاعتِ حدیث کی ضرورت: تحقیقی مطالعہ | حدیث کی تعریف اور عصری کردار، علمِ حدیث کی تاریخی ومعاشرتی اہمیت، اشاعت کی ضرورت اور رسائی، کتابی و ڈیجیٹل ذرائع اور ترجمہ و تشریح کے مسائل، معاشرتی رویے اور سوشل میڈیا پر اثرات، عالمی سطح پر اشاعت ومقبولیت، حکومتی وغیر حکومتی اقدامات، اور احادیث کے فروغ کے چیلنجز۔ |
| .56 | اشاعتِ حدیث میں برصغیر کے علماء کا تاریخی وعلمی کردار: تحقیقی مطالعہ | برصغیر میں علمِ حدیث کی ابتدا اور ارتقا، مشہور علماء کی خدمات، تعلیم و تحقیق، اردو، فارسی اور عربی میں اشاعتِ احادیث کے فوائد، جدید ٹیکنالوجی اور اشاعتِ حدیث اور عصر حاضر پہ اثرات۔ |
| .57 | معلّق، مرسَل، معضَل اور مدلّس احادیث کا تحقیقی مطالعہ: جامع ترمذی کی روشنی میں | مذکورہ اقسامِ احادیث کی تعریف، اقسام، حکم اور باہمی فرق، جامع ترمذی میں موجود تعداد وموضوعات، محدثین کی تنقیدی آراء، جامع ترمذی کا منہج واسلوب، خلاصہ۔ |
| .58 | شاذ ومحفوظ اور منکر ومعروف روایات کا اصولی مطالعہ | شاذ ومحفوظ اور منکر ومعروف کی تعریف واقسام، حکم اور باہمی فرق، محدثین وفقہاء کی آراء، شاذ ومحفوظ اور منکر ومعروف روایت کی تشخیص اور مطابقت۔ |
| .59 | جرح وتعدیل کے اصول اور ان کا ارتقا تحقیقی مطالعہ | جرح وتعدیل کی تعریف، مشروعیت، ضرورت واہمیت، اصول وضوابط، محدثین کے مناہج اور معیارات، تحقیقی و تنقیدی پہلو، جرح وتعدیل کی بنیاد، عہد صحابہ وتابعین میں جرح وتعدیل، جرح وتعدیل کے تاریخی ارتقاء میں عوامل اور مجموعی تحقیقی نتیجہ۔ |
| .60 | ضیاء القاری فی شرح مختصر البخاری (جلد اول) ایک تحقیقی مطالعہ | ضیاء القاری کا تعارف، مصنف کا تعارف، ضیاء القاری کی خصوصیات، امتیازات اور ضیاء القاری کے منہج واسلوب کا تحقیقی مطالعہ۔ |

## السيرة النبوية

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .61 | سیرتِ آخری نبی محمد عربی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کی روشنی میں ایک مثالی معاشرہ | مثالی معاشرے کا مفہوم، بنیادی اصول، عدل و انصاف کا قیام، اخوت و مساوات، اخلاقی اقدار، معاشی نظام و فلاح، تعلیم و تربیت، خاندان اور سماجی رشتے، حقوقِ نسواں، رواداری و اقلیتوں کے حقوق، ریاستِ مدینہ (عملی نمونہ)، آثارِ امر بالمعروف، برائیوں کا سدباب، عصرِ حاضر کے تقاضے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .62 | حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے خطبات اور ان کے معاشرتی اثرات | نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی فصاحت و سادگی، سامعین کا لحاظ، دلائل و حکمت، قصص کا استعمال، فکری پہلو، تاکید و تکرار، لب ولہجہ، قلوب کی تبدیلی، مخالفین پر اثر، اصلاحِ معاشرہ، موجودہ دور کی رہنمائی۔ |
| .63 | حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم بحثیتِ صادق و امین: ایک تحقیقی مطالعہ | صادق وامین: مفہوم واہمیت، سوسائٹی میں مقام، تجارت میں دیانت، ہجرت اور امانت، دشمنوں کا اعتراف، دعوت وصداقت، قرآن کی تصدیق، اور اقوامِ عالم کی رہنمائی۔ |
| .64 | سیرت نبوی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی روشنی میں اسفار مبارکہ کا تاریخی و تحلیلی مطالعہ | اسفار مبارکہ کا مفہوم، اہمیت اور اقسام، اسباب، مقاصد، آداب و دعائیں، مشکلات و صبر اور مددِ خدا، سفر میں قیادت، توکل واستقامت، قربانی وایثار، عصرِ حاضر میں رہنمائی اور چیلنجز کا مقابلہ۔ |
| .65 | "الشفاء بتعریف حقوق المصطفیٰ" کا منہج واسلوب | کتاب و مصنف کا تعارف، شفاء شریف کا اسلوب و منہج، اِس کی خصوصیات، امتیازات اوراس پر ہونے والے کام کا مطالعہ۔ |
| .66 | سیرت نگاری اور علمائے برصغیر ایک تحقیقی مطالعہ | سیرت نگاری کا مفہوم واہمیت، آغاز وارتقا، برصغیر میں ابتدا، مشہور سیرت نگار وکتب، اسلوب، اثرات، مآخذ ومراجع، مدارس کا کردار، موجودہ رجحان اور مستقبل کی تجاویز کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .67 | غزواتِ نبوی کا جغرافیائی تجزیہ (غزوہ بدر، احد اور خندق کا خصوصی مطالعہ) | جنگی حکمتِ عملی پر جغرافیائی عوامل کے اثرات، میدانِ بدر کا جغرافیائی نقشہ و نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی جنگی حکمت عملی، مقام احد کا جغرافیائی نقشہ، جبل رماۃ کی اہمیت اور نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی جنگی حکمت عملی، مدینہ منورہ کا دفاعی حصار، خندق کھودنے کی حکمت عملی، جغرافیائی عوامل کے شعور کے ثمرات ونتائج۔ |

## التاريخ الإسلامي

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .68 | تاریخِ بغداد کا تحقیقی مطالعہ | بغداد کی تاریخی، جغرافیائی اور تعلیمی اہمیت، سقوطِ بغداد کے اسباب اور اس کے بعد کے حالات کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .69 | خلافتِ فاروقی اور اسلامی فتوحات کا تاریخی مطالعہ | خلافتِ فاروقی کی انتظامی صلاحیتیں، اسلامی فتوحات، نظمِ جنگ اور اخلاقی ضوابط، نظمِ حکومت کی اہم خصوصیات، اشاعتِ دین، استحکام کی پالیسیاں، انتظامی اصول، عسکری حکمتِ عملی، آج کے مسلم معاشروں پر اثرات اور عصر حاضر کی ضرورت واہمیت۔ |
| .70 | اسلامی فتوحات کے بعد مسلم حکمرانوں کا اخلاقی رویہ: ایک تحقیقی مطالعہ | اسلامی فتوحات کا مقصد، مفتوحہ علاقے میں اسلامی اصول، عدل وانصاف، اخلاقی رویے اور طرزِ حکومت، رواداری و حقوقِ انسان، تعلیمی وسماجی اخلاقیات، عصرِ حاضر کی ضرورت واہمیت۔ |
| .71 | اندلس میں مسلم حکمرانی: علم وتہذیب کا مرکز | تعارف اندلس اور مسلم حکومت کا آغاز، خلیفہ عبد الرحمٰن الداخل کے کارنامے، قرطبہ اور علمی مرکز، اندلسی مسلم سائنسدان وطبیب اور فلسفی، اسلامی فنِ تعمیر کے عناصر، نظامِ تعلیم اور مسلم تہذیب وتمدن، رعایا کے ساتھ سلوک۔ |
| .72 | سلطنتِ عثمانیہ کا زوال: اندرونی کمزوریاں اور بیرونی سازشیں | سلطنتِ عثمانیہ کا آغاز، ابتدائی مضبوطیاں، سلاطین کی ذاتی کمزوریاں، فوجی کمزوریاں، داخلی بغاوتوں کا اثر، عدالتی نظام میں خرابیاں، یورپی سازشیں، لارنس آف عربیہ، جنگِ عظیم کا نقصان اور بعدِ زوال مسلم اُمہ پہ سیاسی اثرورسوخ کی تنزلی۔ |
| .73 | قرونِ وسطیٰ کے مسلمان جغرافیہ دانوں کی خدمات: ایک تحقیقی وتجزیاتی مطالعہ | علمِ جغرافیہ کا مفہوم وتعارف، اسلام اور علم جغرافیہ، مسلمانوں کے علمِ جغرافیہ میں دلچسپی کے اسباب، قرونِ وسطیٰ کے نامور جغرافیہ دان اور ان کے کارنامے، جدید علوم پر ان کے اثرات، خاتمہ ونتائج۔ |

## التصوف وما يتعلّق به

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .74 | شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کی صوفیانہ خدمات کا تحقیقی مطالعہ | تصوف کا تعارف، تصوف کی تاریخ وارتقاء، شیخ ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف، علمی، دینی، تالیفی اور صوفیانہ خدمات کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .75 | اسلام اور تزکیہ نفس ایک موضوعاتی مطالعہ | تزکیۂ نفس کی تعریف و مفہوم، اہمیت وافادیت، تعلیمِ قرآن وسنت، اسلاف کا کردار، صوفیاء کی تعلیمات، عصرِ حاضر میں ضرورت، تزکیہ نفس کے اسباق، نتائج اور خلاصہ۔ |
| .76 | اسلام میں اخلاق حسنہ اور اخلاقِ رذیلہ کا تصور | اخلاقِ حسنہ و رذیلہ کی تعریف، اہمیت وافادیت، تعلیم قرآن وسنت، رزائل کی وضاحت اور ان سے بچاؤ، فرد اور معاشرے پر ان کے اثرات، اصلاح، معاشرتی امن وہم آہنگی، اسباق، نتائج اور خلاصہ۔ |
| .77 | اسلام میں توبہ اور اس کے لوازمات ایک تحقیقی مطالعہ | توبہ کی تعریف، اہمیت وافادیت، اقسام، توبہ کے اجزاء، شرائط، تعلیمِ قرآن و سنت، توبہ کے عملی مراحل اور اثرات، فرد اور معاشرے پر ان کے اثرات، معاشرتی امن وہم آہنگی، اسباق، نتائج وثمرات۔ |
| .78 | مشائخ نقشبند صوفیانہ خدمات اور تعلیمات کا تحقیقی مطالعہ | نقشبندیہ سلسلہ کا تعارف، بنیاد وارتقاء، کردار وکارنامے، اصولِ تعلیمات، مشائخ کے اخلاقی اصول، روحانی مراکز اور خانقاہوں کی اہمیت، فرد اور معاشرے پر ان کے اثرات کا تحقیقی مطالعہ۔ |
| .79 | قوت القلوب کا موضوعاتی مطالعہ | مصنف و کتاب کا تعارف، منہج واسلوب، امتیازی خصوصیات، قلبی اصلاح اور علمی تحقیق کا توازن، قوت القلوب میں موجود مضامین کا موضوعاتی مطالعہ، نتائج وثمرات۔ |
| .80 | مسلم معاشرے کی تشکیل میں صدق وامانت کا کردار | صدق وامانت کی تعریف، اہمیت وضرورت، تعلیم قرآن وسنت (مثالیں)، معاشرے میں صدق وامانت کا کردار وفوائد، جھوٹ وخیانت کے نقصانات واثرات، عملی نفاذ اور ثمرات ونتائج۔ |

## القضايا المعاصرة

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .81 | عصر حاضر میں بے روز گاری اور اقتصادی مسائل وجوہات اور حل قرآن وحدیث کی روشنی میں | بے روز گاری اور اقتصادی مسائل کی تعریف، فرد اور معاشرے پر اثرات، وجوہات، قرآن وحدیث کی روشنی میں حل، معاشرتی واقتصادی ترقی اور معیارِ زندگی میں بہتری کے اصول، معاشرے میں امن وخوشحالی کے اسباب۔ |
| .82 | عصر حاضر میں خاندانی اور سماجی اقدار میں تبدیلیاں وجوہات اور حل قرآن وحدیث کی روشنی میں | خاندانی نظام اور سماجی اقدار میں تبدیلی کا تعارف، اثرات و وجوہات، قرآن وحدیث کی روشنی میں حل اور رہنمائی، مضبوط خاندانی نظام اور سماجی ہم آہنگی، امن واستحکام، ثمرات واثرات۔ |
| .83 | عصر حاضر میں مذہبی اور اخلاقی رہنمائی کی اہمیت اسلامی تعلیمات کی روشنی میں تحقیقی مطالعہ | مذہبی واخلاقی تعلیمات کا مطالعہ، معاشرتی وفردی اثرات، اس کی کمی کی وجوہات، اسلامی تعلیمات کی روشنی میں حل اور تجاویز، معاشرتی ہم آہنگی اور اخلاقی ترقی، امن وخوشحالی، معاشرتی وفردی فوائد وثمرات۔ |
| .84 | جدید ٹیکنالوجی اور تعلیم میں انقلاب (فوائد اور مسائل کا حل): اسلامی تعلیمات کی روشنی میں | ٹیکنالوجی کا ارتقا اور جدید ٹیکنالوجی، فوائد اور معاشرتی اثرات، چیلنجز اور اسلامی تعلیمات کی روشنی میں ممکنہ اقدامات، تعلیمی معیار میں بہتری اور معاشرتی ترقی، متوقع نتائج۔ |
| .85 | سود سے بچاؤ کے اخلاقی اور معاشرتی فوائد | سود کی تعریف، اقسام و حرمت، بچاؤ کے فوائد، غربت میں کمی، قرض سے آزادی، اسلامی بینکاری و قرض حسنہ اور معاشرتی استحکام، اقتصادی ترقی اور امن وخوشحالی میں قرض حسنہ کے فوائد وثمرات۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .86 | رشوت سے بچاؤ کے اخلاقی و معاشرتی فوائد | رشوت کی تعریف، اقسام و حرمت، بچاؤ کے فوائد، ایمانداری و شفافیت، انصاف اور اعتماد، بدعنوانی میں کمی، اداروں و قوانین کی مضبوطی، سماجی ہم آہنگی، اقتصادی ترقی، امن و خوشحالی۔ |

## التراجم والطبقات

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .87 | مولانا عبد الغفور ہزاروی رحمۃُ اللہِ علیہ کی دینی خدمات | مولانا عبد الغفور ہزاروی رحمۃُ اللہِ علیہ کے حالات زندگی، نیز ان کی تدریسی، تصنیفی، تبلیغی، سماجی، معاشرتی اور اصلاحی خدمات۔ |
| .88 | محدث شام نورالدین عتر رحمۃُ اللہِ علیہ کی حدیثی خدمات | محدث شام نورالدین عتر رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، اساتذہ و تلامذہ، علمِ حدیث میں خدمات، کتب کا تعارفی مطالعہ۔ |
| .89 | برصغیر میں محدث کے لقب سے معروف علما اور ان کی حدیثی خدمات | برصغیر میں محدث کے لقب سے معروف علما کا تعارف (کوئی سے پانچ)، خدمات حدیث، اجازت حدیث کی اسناد، علوم حدیث پہ تصانیف کا تعارف، علم حدیث میں کام اور اس کی نوعیت۔ |
| .90 | فقیر اللہ علوی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ کی تعلیمی خدمات | فقیر اللہ علوی قادری رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، تصنیفی اور تعلیمی خدمات۔ |
| .91 | سراج الفقہا ابو الفیض غلام عمر جتوئی رحمۃُ اللہِ علیہ کی فقہی خدمات | سراج الفقہا ابو الفیض غلام عمر جتوئی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، تدریسی، تصنیفی، اور فقہی خدمات۔ |
| .92 | مفتی صاحب داد جمالی رحمۃُ اللہِ علیہ کی دینی خدمات | مفتی صاحب داد جمالی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، تدریسی، تصنیفی، تبلیغی، سماجی، معاشرتی اور اصلاحی خدمات۔ |
| .93 | مفتی عبد الغفور مفتون ہمایونی رحمۃُ اللہِ علیہ کی دینی خدمات | مفتی عبد الغفور مفتون رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، تدریسی، تصنیفی، تبلیغی، سماجی، معاشرتی اور اصلاحی خدمات۔ |

## العقيدة والكلام

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .94 | صفاتِ الٰہیہ پر اہلسنت اور معتزلہ کا موقف تقابلی مطالعہ | اہلسنت اور معتزلہ کا تعارف، صفاتِ الٰہیہ پر اہلسنت اور معتزلہ کا موقف، صفاتِ الٰہیہ کی تفہیم میں فرق، عقلی دلائل اور نصوص، اثرات و فکری اہمیت، تاریخی پس منظر، اختلافات اور مکالمات، علمی نتائج۔ |
| .95 | مسئلہ خلقِ قرآن: پس منظر، دلائل اور اثرات | مسئلہ خلقِ قرآن کا تعارف، قرآنی دلائل، عقلی و کلامی دلائل، اہلسنت اور معتزلی موقف، خلافت عباسیہ میں معتزلہ کا عروج، تاریخی مکالمات، فکری و دینی اثرات، متفرق آراء، اہم کلامی نتائج۔ |
| .96 | عقیدۂ شفاعت: اہلسنت اور منکرین کے موقف کا تجزیاتی مطالعہ | شفاعت کی تعریف و مفہوم، اہلسنت اور منکرین کا موقف، نصوص و دلائل، عقلی و کلامی تجزیہ، موجودہ نقطۂ نظر۔ |
| .97 | اسلامی تصورِ تقدیر اور ڈیٹر منزم (Determinism) کا تقابلی مطالعہ | تقدیر کا تعارف، اہلسنت اور قدریہ و جبریہ کا مؤقف، جبر اور آزادیٔ ارادہ کی شرعی حیثیت، ڈیٹر منزم کا تعارف، اسلامی تصورِ تقدیر اور ڈیٹر منزم کے تقابلی نکات، عقلی اور نقلی دلائل، تاریخی پس منظر، مکالمات اہلِ کلام، خلاصۂ کلام۔ |
| .98 | عصرِ حاضر میں انکارِ ختم نبوت کے فکری اسباب ایک کلامی تجزیہ | عقیدۂ ختم نبوت کا تعارف و دلائل، اور انکارِ ختم نبوت کے فکری اسباب، منکرین کو جوابات، تاریخی تناظر، معاشرے پہ اس فکر کے اثرات، نتائج و عملی رہنمائی۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .99 | الحاد کے فکری اسباب اور کلامی تجزیہ | الحاد کی تعریف، تاریخی پسِ منظر، فکری و فلسفی اسباب، کلامی و نقلی جوابات، الحاد کے معاشرتی و اخلاقی اثرات، خلاصۂ کلام۔ |
| .100 | امام ابو منصور ماتُریدی رحمۃُ اللہِ علیہ کے کلامی اصول: حنفی اہلِ سنت کا علمی ورثہ | امام ماتریدی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، کلامی اصول اور نظریات، حنفی اہل سنت میں اثر، اشعری موقف سے فرق و مماثلت، تاریخی پس منظر، علمی مکالمات، فکری اہمیت، عملی اثرات، نتائج اور خلاصہ۔ |
| .101 | برصغیر میں عقیدہ ختمِ نبوت کا تحفظ اور علماء کا کردار | عقیدہ ختمِ نبوت کا تعارف، برصغیر میں اس کی حفاظت کا تاریخی پس منظر، علماء کی علمی اور تدریسی خدمات، فکری و اعتقادی رہنمائی،، مدارس و عوام میں آگاہی، علمی اور عملی کوششیں، نتائج اور اہمیت و ضرورت۔ |
| .102 | امام فخر الدین رازی رحمۃُ اللہِ علیہ کی علمِ کلام میں خدمات: صفاتِ الٰہیہ کے حوالے سے | امام رازی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، فلسفیانہ انداز، اشاعرہ میں عقلی منہج کا فروغ، امام رازی رحمۃُ اللہِ علیہ کی صفاتِ الٰہیہ پر مفصل بحث و موقف، نتائج اور اہمیت۔ |
| .103 | عقائد اہلسنت کے تناظر میں "السیف الصقیل" کا تعارفی مطالعہ | کتاب کا تعارف، مصنف کا تعارف، علمِ کلام کی دیگر کتب کے مقابلے میں امتیازی مقام و مرتبہ، کتاب کا منہج و اسلوب، کتاب کی فنی حیثیت۔ |
| .104 | "الفرق بین الفرق" از امام عبد القاہر بغدادی کا تعارفی مطالعہ | کتاب کا تعارف، مصنف کا تعارف، علمِ کلام کی دیگر کتب کے مقابلے میں امتیازی مقام و مرتبہ، کتاب کا منہج و اسلوب، کتاب کی فنی حیثیت۔ |
| .105 | مولانا فضلِ حق خیر آبادی رحمۃُ اللہِ علیہ: عقائد میں استدلالی منہج | سوانحِ حیات و علمی مقام، اہم کلامی کتب، برصغیر میں اہلسنت کے عقائد کی پختگی میں کردار، فلسفہ و منطق میں مہارت اور اس کا استعمال۔ |
| .106 | امام احمد رضا خان بریلوی رحمۃُ اللہِ علیہ: بحیثیت محافظِ عقائدِ اہلسنت | امام احمد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، ضروریاتِ دین اور اہلسنت کے عقائد کی حفاظت، فکری اور علمی خدمات، کلامی مباحث و دلائل، مدارس و عوام میں تدریسی کوششیں، نتائج اور خلاصہ۔ |
| .107 | مسئلہ نورِ نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: نقلی دلائل اور کلامی بحثوں کا تحقیقی مطالعہ | مسئلہ نورِ نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کا تعارف، قرآنی دلائل، حدیثی شواہد، عقلی و کلامی دلائل، اہل سنت اور منکرین کا موقف، اختلافات و مکالمات، نتائج اور خلاصہ۔ |

## الفقه وأصول الفقه

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .108 | فتاویٰ فقیہِ ملت کا تعارفی مطالعہ | مفتی جلال الدین احمد امجدی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف و خدمات، فتاوی فقیہِ ملت کا تعارف، اسلوب و خصوصیات اور چند اہم فتاوی کا مطالعہ مع تعارفی نوٹ۔ |
| .109 | اسلام میں کرایہ داری کا نظام (فقہی تجزیہ) | اجارہ کی لغوی و شرعی تعریف، اجارہ کے اسلامی اصول و ضوابط، کرایہ داری کی مروجہ صورتیں اور ان میں پائی جانے والی شرعی اَغلاط اور ان کا حل۔ |
| .110 | مختصر القدوری کی عربی شروحات و حواشی کا تعارفی مطالعہ | امام قدوری رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، مختصر قدوری کا منہج و اسلوب، (کوئی سی تین) عربی شروحات و حواشی کا تعارف و اسلوب، نتائج بحث۔ |
| .111 | اجتہاد اور تقلید کی ضرورت و اہمیت | اجتہاد اور تقلید کی شرعی و لغوی تعریف، مجتہد کی شرائط اور طبقاتِ مجتہدین، تقلید کی ضرورت و اہمیت، غیر مجتہد کے لیے تقلید کیوں ضروری؟، منکرینِ تقلید کے اعتراضات کا مطالعہ اور جوابات، نتائج بحث۔ |
| .112 | اسلامی عدالتی نظام اور پاکستانی عدالتی نظام (تقابلی مطالعہ) | قضا کا معنی و مفہوم، اسلام میں عدالت کی اہمیت اور اس کی حکمتیں و فوائد، قاضی اور جج کا کردار، اسلامی عدالتی نظام اور پاکستان کے عدالتی نظام کا تقابلی مطالعہ۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .113 | قربانی کے احکام و حکمتیں (فقہی تجزیہ) | قربانی کی شرعی و لغوی تعریف، قربانی کی حکمتیں، قربانی کرنے کا صحیح طریقہ، دور جدید میں رائج قربانی کے طریقوں کا حکم اور شرعی طریقے پر قربانی کرنے کے فوائد، غلط طریقے پر قربانی کرنے کے نقصانات۔ |
| .114 | اسلامی حدود و تعزیرات کے احکام و مقاصد اور پاکستانی قوانین کا مطالعہ | اسلامی حدود و تعزیرات کا تعارف، حد اور تعزیر میں فرق، مقاصد و فوائد، عہد نبوی و عہد خلفائے راشدین میں حدود و تعزیرات کے چند واقعات، حد و تعزیر کی اہمیت، اسلامی حدود و تعزیرات اور پاکستان کے قوانین کا تقابلی مطالعہ |
| .115 | امام اعظم اور صاحبین رحمۃُ اللہِ علیہم کے اختلافی مسائل کا تحقیقی مطالعہ | امام اعظم اور صاحبین رحمۃُ اللہِ علیہم کا تعارف اور علمی مقام، فقہ حنفی میں اختلاف کی نوعیت اور اصطلاحات، امام اعظم اور صاحبین کے اختلافات کا عصر حاضر کے مسائل پر اثر و فوائد۔ |
| .116 | کنز الدقائق کی عربی شروحات و حواشی کا تعارفی مطالعہ | مصنف کا تعارف، فقہ حنفی میں متونِ اربعہ کی اہمیت اور کنز کا مقام، کنز کا اسلوب، عربی شروحات و حواشی کا تعارف و اسلوب، نتائج بحث۔ |
| .117 | عذر اور عبادات شرعی رخصتوں کا فقہی مطالعہ | عذر و رخصت کا مفہوم اور شرعی حیثیت، فقہی اصولِ رخصت، عذر کی اقسام (مرض، سفر، خوف، مجبوری وغیرہ)، عارضی و دائمی عذر (فقہی فرق)، عبادات میں آسانی کی حکمتیں، رخصت اور عزیمت میں فرق۔ |
| .118 | فقہ اسلامی کی روشنی میں شہادت (گواہی) کے احکام | شہادت (گواہی) کا لغوی و شرعی معنی، اہمیت و افادیت، شہادت کے شرعی احکام، گواہ کی شرائط و ضوابط، عدالتوں میں رائج شہادت کا طریقہ کار اور اس کی شرعی حیثیت۔ |
| .119 | فقہ حنفی کے متون اربعہ، ان کی شروحات اور حواشی کا مختصر مطالعہ | متون اربعہ کے نام، منہج و اسلوب، متون کے مصنفین کی سوانح حیات، شروح و حواشی (کم از کم تین کا) اسلوب، نتائج و خلاصہ۔ |
| .120 | حلف و قسم کے احکام (فقہی تجزیہ) | حلف و قسم کا لغوی و شرعی معنی، اقسام و احکام، حلف کے اہم واقعات، انسانی زندگی پر اس کے مثبت اور منفی اثرات کا مطالعہ، رائج قسم کے الفاظ اور ان کا حکم۔ |
| .121 | نماز قصر اور جمع بین الصلاتین (فقہ حنفی کی روشنی میں) | قصر کی لغوی و اصطلاحی تعریف و مفہوم، سفر کی شرعی تعریف اور بری، بحری اور فضائی مسافت کی شرعی حد، جمع کا مفہوم (جمعِ تقدیم و تاخیر)، جمع بین الصلاتین پر ائمہ اربعہ کا موقف اور فقہ حنفی کے دلائل۔ |
| .122 | امر و نہی کے صیغوں سے وجوب و حرمت کا ثبوت | امر و نہی کی لغوی و اصطلاحی تعریف، صیغۂ امر و نہی کے حقیقی و مجازی معنی اور استعمالات، الامر للوجوب پر ائمہ اربعہ کے اختلاف و دلائل کا مطالعہ، امر للوجوب کی اقسام اور ان کا حکم۔ |
| .123 | فقہِ حنفی میں نان نفقہ کے احکام | نان و نفقہ کی تعریف و مفہوم، شرعی حیثیت، وجوب کی شرائط، والدین، اولاد، زوجہ کے نفقہ کے احکام، مطلقہ کے نان و نفقہ کا حکم، نفقہ نہ دینے کی صورت میں شرعی اور قانونی احکام۔ |
| .124 | جدید مالی معاملات (فقہی و اصولی قواعد کی روشنی میں) | مالی معاملات کی تعریف اور ارتقا، اصول فقہ میں معاملات کے عمومی قواعد، مالیاتی ذمہ داری اور ضمان کا اصول، غرر و جہالت کے فقہی اثرات، کرنسی اور اس کی شرعی حیثیت، ڈیجیٹل کرنسی اور کرپٹو کرنسی کا فقہی تجزیہ۔ |
| .125 | عرف کا اصول (ایک تحقیقی مطالعہ) | عرف کی لغوی و اصطلاحی تعریف، فقہا کے نزدیک عرف کی شرعی حیثیت، عرف اور قیاس کا تقابل، عرف کی اقسام (قولی، فعلی، عام، خاص، صحیح، فاسد)، عرف اور عادت میں فرق، عرف کے بدلنے سے احکام میں تبدیلی کا اصول۔ |
| .126 | قیاس بطورِ شرعی حجت: ایک تحقیقی مطالعہ | قیاس کی لغوی و اصطلاحی تعریف، شرعی حیثیت، اقسام، قیاس اور استحسان کا باہمی تعلق، قیاس اور دیگر اصول (استصحاب، مصالح مرسلہ، عرف) میں فرق، حجیتِ قیاس پر اعتراضات اور ان کے جوابات۔ |
| .127 | دلائلِ شرعیہ کی اقسام (ایک تحقیقی مطالعہ) | دلائل شرعیہ کی تعریف و اقسام، ان کی ترتیب و ترجیح کا اصول، ان دلائل کا تقابل، متفق علیہ اور مختلف فیہ دلائل۔ |

## مقارنة الأديان

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| 128. | نبوت اور رسالت کا تصور: اسلام اور دیگر اَدیان میں | نبوت اور رسالت کی لغوی اور شرعی تعریف، اسلام، عیسائیت اور یہودیت میں رسالت کا تصور، ہندومت اور بدھ مت میں الہامی رہنما کا تصور، نبوت، اوتار اور گرو میں بنیادی امتیازات (بنیادی فرق)۔ |
| 129. | تثلیث اور توحید: عیسائی و اسلامی عقائد کا موازنہ | اسلام میں توحید کا تصور، عیسائیت میں تثلیث کا تصور، توحید اور تثلیث میں بنیادی فرق، خدا کی ذات وصفات (اسلام و عیسائیت میں موازنہ)، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مقام و مرتبہ (اسلامی و عیسائی نقطہ نظر)۔ |
| 130. | موت کے بعد کی زندگی: مختلف مذاہب کا تصورِ آخرت | اسلام، عیسائیت اور یہودیت میں آخرت کا تصور، ہندومت میں جنم، پنر جنم اور مکتی کا نظریہ، بدھ مت میں نروان اور آواگون، زرتشتیت میں تصورِ آخرت، جنت، دوزخ، روح، قیامت اور نجات کے بارے میں مختلف نظریات۔ |
| 131. | مذہب اور سائنس: اسلامی و مغربی نظریات کا تقابل | تعارف اور تاریخی تناظر، اسلامی عہدِ زریں میں سائنسی ترقی اور مذہبی فکر، یورپ میں سائنسی انقلاب اور مذہب کا ٹکراؤ، اسلامی معاشروں میں سائنس کی ترقی میں رکاوٹوں کے اسباب، سائنس و مذہب کی تطبیق۔ |
| 132. | خواتین کا مقام: مختلف مذاہب کے تناظر میں | اسلام، عیسائیت، یہودیت اور ہندومت میں خواتین کا مقام، قدیم مذاہب و تہذیبوں میں خواتین کی حیثیت (مصری، یونانی، رومی)، حقوقِ نسواں کی تنظیموں کے حقائق و نتائج، آزادی نسواں کی شرعی حیثیت و نتائج۔ |

## المدارس الإسلامية

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| 133. | مدارسِ اسلامیہ کے اساتذہ کے لیے جدید تدریسی ٹریننگ پروگرام | موجودہ تدریسی طریقے، تدریسی مہارت کی اہمیت، جدید ٹیکنالوجی کی تربیت، کلاس روم مینجمنٹ، نصاب میں جدید اور روایتی ملاپ، طلبہ کی فکری ترقی، عملی تدریس کے تجربات، تربیتی ورکشاپس، اثرات اور نتائج۔ |
| 134. | کنزالمدارس بورڈ اور تعلیمِ جدید: روایتی اور جدید تعلیم کا امتزاج | بورڈ کا تعارف، قیام اور مقصد، روایتی نصاب، جدید تعلیمی مضامین، نصاب میں روایتی اور جدید تعلیم کی اہم آہنگی کی اہمیت، طلبہ کی علمی تربیت، عملی تربیت کی حکمت عملی، تعلیمی معیار کی بہتری، چیلنجز اور اصلاحی اقدامات، مدارس میں اثرات۔ |
| 135. | جامعات المدینہ میں عربی زبان میں فروغ کا اختصاصی مطالعہ | جامعات المدینہ کا تعارف، عربی زبان کی اہمیت، نصاب اور کورسز، عربی میں علمی تحریر، تقریری تربیت، ریسرچ پروگرام، طلبہ کی فکری ترقی، عربی تصانیف کی تخلیق، عالمی علمی رابطے، عربی فروغ کے اثرات۔ |
| 136. | مدارسِ اسلامیہ اور اصلاحِ معاشرہ میں مؤثر کردار | نصاب اور تربیت، طلبہ کی اخلاقی تعلیم، علما کا کردار، معاشرتی رہنمائی، فکری ترقی، برائیوں کے خلاف آگاہی، کمیونٹی سروس، کامیابیاں، چیلنجز اور مستقبل۔ |

## الفتن والملاحم

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| 137. | آخری زمانے کے فتنوں میں اخلاقی و سماجی انحطاط کا تحقیقی مطالعہ | "آخری زمانہ" کا اسلامی تصور، عورتوں اور خاندان سے متعلق اخلاقی فتنے، حلال و حرام میں اشتباہ اور مالی فتنوں کا تسلط، جدید ٹیکنالوجی کا فتنوں کی ترسیل میں کردار، فتنوں سے حفاظت کی نبوی دعائیں اور اذکار کا مجموعہ۔ |
| 138. | الفتن والملاحم: احادیثِ نبویہ کی روشنی میں ایک تحقیقی مطالعہ | لغوی، شرعی اور اصطلاحی مفہوم، فتنۂ ہرج (قتل وغارت) اور سماجی انحطاط کے مظاہر، فتنوں کے زمانے میں انفرادی استقامت کا نبوی منہج۔ |

| | | |
|---|---|---|
| .139 | الملاحم الکبریٰ: جغرافیائی تنازعات اور نبوی پیشین گوئیوں کا بین الاقوامی سیاسی و عسکری تجزیہ | احادیثِ ملاحم کی فنی اور درایتی حیثیت، قدیم قیصری سلطنت سے جدید مغربی بلاک تک، لشکرِ مہدی کی تیاری اور عسکری حکمتِ عملی کا نبوی تصور، بلادِ شام کا محوری کردار اور فتنۂ شام کا تاریخی تسلسل، ملاحم کے تناظر میں مسلمانوں کی عسکری اور سیاسی تیاریاں۔ |

## المتفرّقات

| # | العنوان | نموذج الهدف |
|---|---|---|
| .140 | نزولِ عیسیٰ علیہ السّلام کا تصور اور اس کی عقلی و حدیثی تعبیرات | حیات، رفع اور نزولِ عیسیٰ علیہ السّلام کا قرآنی بیان، دیگر مذاہب میں مسیح علیہ السّلام کی توقّعات، نزولِ عیسیٰ علیہ السّلام سے متعلق احادیث کا مطالعہ، منکرینِ نزولِ عیسیٰ علیہ السّلام کے دلائل اور شبہات کا علمی جواب۔ |
| .141 | اختیاراتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: مؤقفِ اعلیٰ حضرت اور تائیدات کتبِ سابقہ | اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، اختیاراتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی شرعی حیثیت، آپ رحمۃُ اللہِ علیہ کے دیے گئے دلائل کا مطالعہ، آپ رحمۃُ اللہِ علیہ کے مؤقف کی تائید میں کتبِ سابقہ سے شواہد پیش کرکے یہ دکھانا کہ یہ کوئی نیا نظریہ نہیں۔ |
| .142 | سماعِ موتیٰ: مؤقفِ اعلیٰ حضرت اور تائیدات کتبِ سابقہ | اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، سماعِ موتیٰ کی شرعی حیثیت، آپ رحمۃُ اللہِ علیہ کے دیے گئے دلائل کا مطالعہ، آپ رحمۃُ اللہِ علیہ کے مؤقف کی تائید میں کتبِ سابقہ سے شواہد پیش کرکے یہ دکھانا کہ یہ کوئی نیا نظریہ نہیں۔ |
| .143 | علمِ غیبِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: مؤقفِ اعلیٰ حضرت اور تائیدات کتبِ سابقہ | اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، علمِ غیبِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کی شرعی حیثیت، آپ رحمۃُ اللہِ علیہ کے دیے گئے دلائل کا مطالعہ، آپ رحمۃُ اللہِ علیہ کے مؤقف کی تائید میں کتبِ سابقہ سے شواہد پیش کرکے یہ دکھانا کہ یہ کوئی نیا نظریہ نہیں۔ |
| .144 | غائبانہ نمازِ جنازہ: مؤقفِ اعلیٰ حضرت اور تائیدات کتبِ سابقہ | اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، غائبانہ نمازِ جنازہ کی شرعی حیثیت، آپ رحمۃُ اللہِ علیہ کے دیے گئے دلائل کا مطالعہ، آپ رحمۃُ اللہِ علیہ کے مؤقف کی تائید میں کتبِ سابقہ سے شواہد پیش کرکے یہ دکھانا کہ یہ کوئی نیا نظریہ نہیں۔ |
| .145 | امامتِ کبریٰ کی شرطِ قرشیت: مؤقفِ اعلیٰ حضرت اور تائیدات کتبِ سابقہ | اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، امامتِ کبریٰ کی شرائط اور بالخصوص امام کے قرشی ہونے کا بیان، آپ کے دیے گئے دلائل کا مطالعہ، آپ کے مؤقف کی تائید میں کتبِ سابقہ سے شواہد پیش کرکے یہ دکھانا کہ یہ کوئی نیا نظریہ نہیں۔ |
| .146 | ردِ رافضیت میں اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کی علمی خدمات | اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، ردِ رافضیت میں تصانیفِ اعلیٰ حضرت کا تعارف، منہج واسلوب، نتائج وخلاصہ۔ |
| .147 | دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کا تعارف و خدمات | مرکزی مجلسِ شوریٰ کا تعارف وارتقا، اہمیت وافادیت، دعوت و تبلیغ اور تعلیمی خدمات، اصلاحِ معاشرہ اور اشاعتی و ابلاغی خدمات، عالمی سطح پر خدمات۔ |
| .148 | شرفِ ملت رحمۃُ اللہِ علیہ بطور متکلم | علامہ علامہ عبد الحکیم شرف قادری رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، تصانیف، کلامی ابحاث، منہج واسلوب، نتائج وخلاصہ۔ |
| .149 | پاکستان میں درسِ نظامی کے فروغ میں ملک المدرسین رحمۃُ اللہِ علیہ کا کردار | علامہ عطا محمد بندیالوی رحمۃُ اللہِ علیہ کا تعارف، تدریسی مقام، اساتذہ ومشہور تلامذہ کا تعارف، درسِ نظامی کا تعارف اور پاکستان میں اس کے فروغ میں آپ رحمۃُ اللہِ علیہ کا کردار۔ |
| .150 | دعوتِ اسلامی کے اندازِ تبلیغ (دینی کاموں) کے اثرات کا تحقیقی مطالعہ | دعوتِ اسلامی کا تعارف وارتقا، دینی کاموں کا تعارف، اندازِ تبلیغ (دینی کاموں) کے اثرات کا تحقیقی مطالعہ۔ |

# تحقیقی مقالہ جات کی ہدایات واصول وضوابط

## تحقیقی مقالات کے مقاصد

1. ڈگری کے تقاضے پورے کرنا
2. ریسرچ کلچر کو فروغ دینا
3. علمی میدان میں عمیق مطالعہ اور ہر پہلو پر تحقیق کرنا
4. علمی تحقیق کے لئے علمی مفروضہ قائم کرنا، اس کی بنیاد پر تحقیقی سوال تیار کرنا، تحقیق کے لئے مطلوبہ ڈیٹا جمع کرنا اور جمع شدہ ڈیٹا کی بنیاد پر تحقیقی سوال کو پرکھنا اور حقائق اور تحقیق کی بنیاد پر کسی منطقی نتیجہ پر پہنچنا
5. علمی طور پر تنقیدی اور تجزیاتی صلاحیتوں کو پروان چڑھانا اور تحقیق کو عملی طور پیش کرنے کے لئے مختلف انداز اور حکمت عملیوں کا استعمال سیکھنا
6. ملکی اور عالمی بنیادوں پر انسانی بہبود اور علوم کی ترقی و معاونت کے لئے کوششیں کرنا

## محقق کی ذمہ داری

1. علمی دیانتداری اور دلچسپی سے مثبت انداز میں تحقیق کیجئے۔
2. محقق ایک حقیقی اور اصل تحقیق پیش کرے خواہ اس کے نتائج مثبت ہوں یا منفی۔
3. غیر مدلل اور غیر مستند بیانات سے اجتناب کیجئے علاوہ ازیں مختلف ذرائع سے نقل نہ کیجئے تاکہ ادبی سرقہ کا ارتکاب نہ ہو۔
4. تحقیق کے اخلاقی اصولوں کی پاسداری کیجئے۔
5. محقق اپنی تحقیق اپنے نگران مقالہ کی راہنمائی اور نگرانی میں مکمل کرے۔
6. محقق کو اپنے مواد کے تجزیے اور ریسرچ کے حاصل کردہ نتائج پر مکمل علمی عبور ہونا چاہیے۔

## مقالے کی تحریر، کمپوزنگ اور رجسٹریشن کے اصول وضوابط

1. عالمیہ کا مقالہ کم از کم 100 جبکہ تخصص کا مقالہ کم از کم 150 صفحات پر مشتمل ہو۔
2. Word فائل میں کمپوز کیا جائے۔
3. عالمیہ میں کم از کم 80 جبکہ تخصص میں کم از کم 125 صفحات لازمی طور پر صلبِ موضوع سے تعلق رکھتے ہوں۔
4. مندرجہ ذیل امور 80 یا 125 صفحات میں شامل نہیں ہیں:
   I. مقدمہ (تعارفِ موضوع، اہمیتِ موضوع، مقاصدِ تحقیق، اسباب انتخابِ موضوع، فرضیہ تحقیق، سابقہ تحقیقات کا جائزہ اور منہجِ تحقیق)
   II. فہارس (ابواب وفصول، آیات، احادیث، اماکن، اعلام اور مصادر ومراجع)
   III. متفرق صفحات (تسمیہ و تحمید، اظہارِ تشکر، خلاصہ / نتائج بحث اور سفارشات)

   **نوٹ:** فہارس کا ٹیبل بنانا ضروری ہے۔
5. مقالہ کا سرورق (ٹائٹل پیج) درج ذیل ترتیب سے تیار کیا جائے:
   I. عنوان مقالہ (30-32 فونٹ)
   II. عالمیہ کے مقالہ میں قوسین ( ) میں (البحث لنيل شهادة العالمية في العلوم العربية والإسلامية "ماجستير") جبکہ تخصص کے

مقالہ میں(البحث لنيل شهادة التخصص في العلوم العربية والإسلامية)اور کلیۃ الشریعہ کے مقالے میں(البحث لنيل شهادة الكلية الشريعة في العلوم الإسلامية)لکھاجائے۔

III. بورڈ کا مونو گرام (2×2) سائز میں۔

IV. مونو گرام کے نیچے دائیں جانب مقالہ نگار کا نام مع عالمیہ دوم کا رول نمبر۔

V. بائیں جانب نگران مقالہ کا نام مع عہدہ۔

VI. آخر میں شعبۃ الامتحانات کا نام مع بورڈ کا نام ایک لائن میں تحریر کریں، مثال: شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ۔

VII. جس ماہ میں مقالہ جمع کروانا ہے اس کا نام (قمری اور عیسوی دونوں اعتبار سے)۔

VIII. مشرف کی تصدیق کے لئے بورڈ کی طرف سے جاری کردہ "تصدیق نامہ" کا فارمیٹ استعمال کیا جائے۔

6. قرآنی آیات، احادیث اور اقوال کو تحقیقی رموز و اوقاف میں تحریر کیا جائے۔ جیسے "تحقیق و تدوین کے اصول و ضوابط" میں لکھا گیا ہے مثلاً قرآنی آیات کے لیے پھول دار بریکٹ ﴿ ﴾ کا استعمال کرنا، آیات کا ترجمہ کرنے کے لئے اول و آخر میں واوین " " لگانا، احادیثِ مبارکہ لکھنے کے لئے ڈبل بریکٹ «قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم» لگانا نیز اقوال یعنی اقتباسات کو لکھنے کے لئے تحقیقی طریقہ کار کو مدنظر رکھتے ہوئے عبارت کے شروع اور آخر میں مقررہ فاصلہ (0.5) دے کر لکھنا نیز آیات، احادیث اور اقوال (جہاں عربی عبارات ہوں) کا عربی فونٹ (المصحف) مع اعراب کے ہونا ضروری ہے۔

7. کاغذ کا سائز 8.6×11.6 انچ A4 ہو۔ جلد بندی کی طرف سے حاشیہ 1.25 انچ اور دوسری جانب کا 0.75 انچ ہو۔ اوپر اور نیچے کا حاشیہ ایک انچ ہو (حاشیہ کا مطلب ہوتا ہے کہ Layout کو اوپن کر کے Margins میں جا کر مذکورہ بالا ہدایات کے مطابق صفحہ کا سائز چاروں جانب سے ایڈجسٹ کر لینا، بعض طلبہ کرام اس سے مراد کاغذ پر لگانے والا حاشیہ سمجھ لیتے ہیں اور صفحہ کی چاروں جانب یہ حاشیہ لگاتے بھی ہیں جو کہ درست نہیں)۔

8. ہر صفحے پر نمبر درمیان میں اوپر کی طرف لکھا جائے (نمبر لکھنے کے لئے کسی بھی قسم کی بریکٹ یا کالم یا باکس کا استعمال ہرگز نہ کیا جائے بلکہ صرف سادہ انداز میں نمبر لکھا جائے مثلاً 26 وغیرہ)۔

9. حوالہ جات و حواشی سمیت فی صفحہ سطور کی تعداد 26-24 ہونی چاہیے۔

مختلف عنوانات کا سائز درج ذیل ہے:

- ابواب کے عنوانات 30 تا 36 بولڈ فونٹ 30-36pt
- فصول 24 بولڈ فونٹ 24pt
- ذیلی عنوانات 18 بولڈ فونٹ 18pt
- تحریر کا سائز اصل متن سولہ فونٹ 16pt
- اور حاشیہ 13 فونٹ 13pt پر مشتمل ہونا چاہیے۔

10. ہر باب متوازن فصول پر مشتمل ہو اور تمام ابواب کی فصول حجم و ضخامت میں مناسب و موزوں ہوں۔

11. جدید طرزِ تصنیف اپناتے ہوئے ہر باب کے آغاز میں پہلے ایک صفحہ پر جلی (بولڈ) حروف سے باب کا نام لکھا جائے۔ صفحہ کی عقبی جانب خالی چھوڑ دی جائے اور اگلے صفحہ (سامنے / بائیں جانب والے) سے تحریر کا آغاز کیا جائے۔

تنبیہ: پرنٹ نکالتے وقت اس چیز کا بالخصوص اہتمام کیا جائے کہ صفحہ کی ایک جانب ہی پرنٹ نکالیں نہ کہ دونوں سائیڈ پر۔

12. ذیلی عناوین صفحہ کے دائیں جانب جلی (بولڈ) حروف سے لکھیں۔

13. تحریر میں پیرابندی اور رموزِ کتابت و علاماتِ وقف (،۔؟"" !...) وغیرہ کا لحاظ رکھا جائے۔

14. اختتام پر اپنے اخذ کردہ نتائج اور اگر رائے میں "تفرد" ہو تو اس کا نمایاں اظہار ہو۔
15. حوالہ جات اور حواشی ہر صفحے کے نیچے (Footnote) کی صورت میں ہی دیئے جائیں۔
16. متن میں موجود ابہام کی وضاحت حاشیہ میں کی جائے یا قوس خاص [......] (...) لگا کر اس کے درمیان لکھا جائے۔
17. حوالہ دینے کے اصول:

I. حوالہ دیتے وقت پہلی جگہ مکمل حوالہ لکھا جائے۔ تقریباً تمام کتبِ حدیث مخرج و محقق دستیاب ہیں اس لیے حوالہ میں رقم الحدیث، باب و فصل کا تذکرہ بھی کر دیا جائے تاکہ متعلقہ طبع دستیاب نہ ہونے کی صورت میں بھی اصل متن تک رسائی ممکن ہو سکے۔

II. یاد رہے! حوالہ لکھتے وقت بہت احتیاط کریں کہ ممتحن آپ کے لکھے حوالہ جات کو چیک کریں گے، بے احتیاطی یا غلط حوالہ جات تحریر کرنے کی صورت میں دیانتِ علمی کے خلاف ہونے کے ساتھ ساتھ آپ امتحان میں ناکام قرار پائیں گے۔

کتب حدیث کے علاوہ دیگر کتب کا حوالہ دینے کا طریقہ:

- پہلی مرتبہ حوالہ: ابن کثیر، اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایہ والنہایہ، بیروت، مکتبۃ المعارف، 1990ء، ج13، ص80۔
- دوبارہ حوالہ دیں تو شہر، مکتبہ اور سن اشاعت نہیں لکھنا: ابن کثیر، اسماعیل بن عمر بن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج13، ص82۔
- دو حوالہ جات ایک ہی جیسے ہوں تو دوسرے حوالہ کی جگہ ایضاً لکھا جائے گا۔

کتبِ حدیث کا حوالہ دینے کا طریقہ:

- قشیری، مسلم بن حجاج، صحیح مسلم، کتاب الطہارۃ، باب فضل الوضوء، رقم الحدیث: 534۔
- ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابی داؤد، کتاب الترجل، باب فی اصلاح الشعر، رقم الحدیث: 4163

آیات قرآنیہ کا حوالہ دینے کا طریقہ:

- آیاتِ قرآنیہ میں سورۃ کا نام، نمبر، اس کے بعد آیت نمبر لکھیں مثلاً: سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 14 کو یوں لکھیں: (البقرہ 2:14)

18. مقالہ کے آخر میں آیات قرآنیہ، احادیث مبارکہ، اعلام و اماکن اور مصادر و مراجع کی فہرست کا التزام کیا جائے۔

نوٹ: اعلام و اماکن اور مصادر و مراجع کی فہرست بناتے وقت الف بائی ترتیب کا لازمی خیال رکھا جائے۔

19. ہر مقالہ نگار "نتیجہ از ممتحن" پُر فارما کاپی کر کے اپنے مقالے کے آغاز میں (ٹائٹل پیج سے بھی پہلے) لگائے، اس میں مطلوبہ کوائف کو امیدوار خود احتیاط سے درج کرے۔
20. عالمیہ کا مقالہ رجسٹرڈ ہونے کے بعد کسی بھی قسم کی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔
21. مقالہ جمع کروانے کی آخری تاریخ 01 شعبان المعظم ہے۔ مقالہ لکھنے کے بعد امیدوار اپنا مقالہ ادارے کے پرنسپل کو جمع کروائے اور پرنسپل صاحبان تمام امیدواران کے مقالہ جات کو ایک جگہ جمع کر کے شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ کو اچھی کوریئر سروس کے ذریعے ارسال کریں۔

نوٹ: پرنسپل ادارہ کوئی بھی مقالہ جمع کرنے سے پہلے چیک کر لے کہ اس پر مشرف کے تصدیقی دستخط ہیں یا نہیں۔ اگر نہ ہو تو مقالہ جمع نہ کرے بلکہ امیدوار کو پابند کرے کہ وہ مشرف سے اس پر دستخط کروا کر جمع کروائے۔

نوٹ: مقالہ جات کی سافٹ کاپی شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ کے میل آئی ڈی پر میل کرنا لازم ہو گا، یہ کام پرنسپل ادارہ کے ذمہ ہو گا۔

میل آئی ڈی برائے شعبۃ الامتحانات بوائز : examination.male@kanz-ul-madaris.org

پوسٹل ایڈریس برائے شعبۃ الامتحانات بوائز : شعبۃ الامتحانات، کنز المدارس بورڈ، ایوب کالونی نمبر 1، گلی نمبر 4، سابقہ انمول ہسپتال، جھنگ روڈ، فیصل آباد 041-8505958

میل آئی ڈی برائے شعبۃ الامتحانات گرلز : examination.female@kanz-ul-madaris.org

پوسٹل ایڈریس برائے شعبۃ الامتحانات گرلز : شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ، 5th فلور مکتبۃ المدینہ (دعوت اسلامی)، گنج بخش R-6-92 روڈ، داتا دربار مارکیٹ، لاہور 042-37300726

22. رجسٹرڈ مقالہ پورا کرنے کی مدت زیادہ سے زیادہ 2 سال ہوگی؛ مثلاً دسمبر 2024 میں مقالہ رجسٹرڈ ہوا تو دسمبر 2026 تک وہی مقالہ پورا کیا جاسکتا ہے۔

23. ایک ہی موضوع کے تحت اگر کئی باحثین (Researcher) کی تحقیقات ہوں تو سب کا مواد و انداز مختلف ہونا ضروری ہے، وگرنہ Plagiarism شمار کیا جائے گا اور سب کا کام منسوخ کر دیا جائے گا، نیز اگر کسی کا مقالہ صلب موضوع میں یا نقل کے سبب مسترد ہوتا ہے تو اسے ضمنی کاموں مثلاً فہارس وغیرہ کے نمبرات بھی نہیں ملیں گے کیونکہ مقالہ کے ضمنی کام صلب موضوع ہی کے تابع ہیں۔

24. باحث یعنی مقالہ نگار کے کام کو منسوخ یا قبول کرنے کی مجاز کنز المدارس بورڈ کی طرف سے متعین کردہ مجلس ہوگی۔

25. عالمیہ اور کلیۃ الشریعۃ کے مقالہ میں پاس ہونے کے لئے کم از کم 40 جبکہ تخصص کے مقالے میں پاس ہونے کے لیے کم از کم 50 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہے۔ 200 نمبرز کا 40 فیصد 80 نمبرز جبکہ 200 نمبرز کا 50 فیصد 100 نمبر ہیں۔

26. محقق اگر اپنا مقالہ شائع کروانا چاہتا ہو تو وہ اشاعت سے قبل تحریری اجازت نامہ حاصل کرے۔

مقالہ کی تاریخ میں توسیع کرانے کا طریقہ کار:

(الف) اگر امیدوار مقررہ مدت تک مقالہ مکمل نہ کرسکے تو مدت میں توسیع کے لئے رجب المرجب کے تیسرے ہفتے میں شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ کو درخواست دینا ضروری ہے۔ درخواست میں مقالہ مکمل نہ ہونے کی وجوہات درج کر کے نگران مقالہ کی تصدیق کیساتھ درخواست جمع کروانا ضروری ہے۔

(ب) کنٹرولر امتحانات امیدوار کے بیان کردہ معقول عذر سے مطمئن ہوں تو مقالہ جمع کروانے کی مدت میں توسیع کرسکتے ہیں۔

## شعبۃ الامتحانات کنز المدارس بورڈ